١٦
Jamia Hamdard Central Library New Delhi
607
قسم المخطوطات

(اسلامی تہذیب)

یعنی

اسلامی عقائد و اخلاق و آداب کا بیان

مرتبہ

مولوی ابوبکر محمد شیث فاروقی جونپوری ناظم دینیات
مسلم یونیورسٹی علیگڑھ

Instt. of Islamic Studies LIBRARY Delhi-62
2
رقم ۸۸۹

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

مسلمان کسی خاص نسل یا قوم یا ملک کے رہنے والیکا نام
نہیں ہے بلکہ ایک خاص عقائد اور خیالات رکھنے والے
اور اوس پر عمل کرنے والیکا نام ہے خواہ وہ کسی ملک کا رہنے
والا ہو۔ اور کسی قوم و برادری کا آدمی ہو۔ اسی وجہ سے
تمام دنیا کے مسلمانونکو اللہ تعالی نے بھائی بھائی فرمایا ہے
اب اسلام کے ضروری عقائد و خیالات سوال و جواب
کی شکل میں لکھے جاتے ہیں انکو غور سے پڑھو اور خوب یاد
رکھو

اسلامی عقائد

سوال ۱

ایمان کے کیا معنے ہیں؟۔

737

جواب

جو کچھ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم خدا کے پاس سے لائے اوسکو دل سے سچ جاننا اور زبان سے اقرار کرنا ایمان ہے

سوال ۲

اسلام کے کیا معنے ہین ؟

جواب

اسلام کے معنے گردن جھکانا اور تابعدار ہونا ہے - اگرچہ حقیقت مین ایمان اور اسلام ایک ہی چیز ہے جو مومن ہے وہی مسلم ہے اور جو مسلم ہے وہ مومن ہے لیکن اکثر جگہ عقائد کو ایمان اور اعمال کو اسلام کہا گیا ہے -

سوال ۳

ایمان مجمل کیا ہے اور اُسکے کیا معنے ہین

جواب

ایمانِ مجمل یہ ہے - اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ کَمَا ھُوَ بِاَسْمَائِہٖ وَصِفَاتِہٖ وَقَبِلْتُ
جَمِیْعَ اَحْکَامِہٖ (معنے) . ایمان لایا مین اللہ پر جیسا کہ وہ اپنے
نامون اور صفتون کے ساتھ ہے اور قبول کیا مین نے اوسکے تمام
حکمونکو -

سوال ۴

ایمانِ مفصّل کیا ہے اور اوسکے کیا معنے ہین ؟

جواب

اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ وَمَلٰئِکَتِہٖ وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ
وَالْقَدْرِ خَیْرِہٖ وَشَرِّہٖ مِنَ اللّٰہِ تَعَالٰی وَالْبَعْثِ
بَعْدَ الْمَوْتِ (معنی) ایمان لایا مین اللہ پر اور اُسکے
فرشتون پر اور اُسکی کتابون پر اور اُسکے پیغمبرون پر اور
قیامت کے دن پر اور اس پر کہ اندازہ کرنا نیکی اور بدی کا
اللہ کی طرف سے ہے اور ایمان لایا مین موت کے بعد اوٹھنے پر

735